# اپنے بچوں کے ساتھ مطالعہ

Bookstart
BookTrust

## 3-4 سال



BookTrust
Inspire a love of reading

booktrust.org.uk

## ہر روز صرف 10 منٹس اکٹھے مطالعہ کے لیے وقف کرنا:

- آپ کے بچے کو سماجی اور جذباتی صلاحیت کی نشوونما میں مدد کرتا ہے
- آپ کے ساتھ تعلق کو مضبوط کرتا ہے
- ان کی پراعتماد، خوش باش سیکھنے والی شخصیت بننے میں مدد کرتا ہے۔

# ہیلو مادران، پدران و نگہداشت کنندگان!

ہمارا یقین ہے کہ بچوں کے ساتھ مطالعہ کرنا انہیں سکول کے لیے تیاری کرنے میں مدد دینے کے بہترین طریقوں میں سے ایک ہے۔

یہ کتابچہ آپ کو اپنے بچے کے ساتھ مطالعہ کرنے کے ضمن میں چند پسندیدہ مشورے دیتا ہے - ہمارے ساتھ آن لائن بھی شرکت کریں، اور کہانیوں، کتابوں اور نظموں کے اشتراک کے جادو کے متعلق مزید جانیں۔






www.bookstart.org.uk/have-some-fun

# ہر روز کتابوں سے اکٹھے لطف اندوز ہونے میں آپ کی مدد کے لیے مشورے

- جانوروں کی آوازیں یا صوتی اثرات بنائیں - یہ کہانی میں جان لانے میں مدد اور آپ دونوں کو ہنسائیں گی!
- باہم گلے ملیں یا بھائیوں اور بہنوں کو شامل کریں اور اکٹھے مل کر کہانیوں اور نظموں سے لطف اندوز ہوں۔
- جب آپ مطالعہ کر رہے ہوں تو درج ذیل جیسے سوالات پوچھیں: 'آپ اس صفحے پر کیا دیکھ سکتے ہیں؟'
'آپ کو یہ کردار کیسا محسوس ہوتا ہے؟'



- اپنے بچوں کو داستاں گو بنائیں۔ وہ آپ کے لیے تصویر کا 'مطالعہ' اور صفحے پر عمل پذیر واقعات کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔

- شور، ٹیلی وژن اور موبائل فونز سے دور کوئی جگہ تلاش کریں۔

- اگر آپ آرام دہ محسوس کریں، تو مزاحیہ چہرے بنانے یا کسی کردار کی آوازیں ڈالنے کی کوشش کریں - ایسا کرنا ہمیشہ بچوں کو ہنساتا ہے!



# تصاویر دیکھیں اور ان کے متعلق گفتگو کا آغاز کریں











- کیا ڈائنو سار یا خرگوش تلاش کر سکتے ہو؟ اس کے علاوہ آپ کیا دیکھ سکتے ہیں؟
- یہاں کتنے کیلے ہیں؟
- بچے کونسی گیمز کھیل رہے ہیں؟











**جتنی زیادہ آپ باہم گفتگو کریں گے، اتنے ہی زیادہ الفاظ آپ کا بچہ سیکھے گا۔**

# کرنے کے لیے چیزیں

- جب آپ کہیں باہر ہوں اور اکٹھے ہوں، تو بوجھو تو جانیں کا کھیل کھیلیں۔ اپنے بچے سے بسوں، پوسٹرز اور علامات پر نظر آنے ولے نمبرز اور لفظوں کے متعلق پوچھیں۔
- اپنے بچے کو پینسل یا رنگ دار قلم سے صفحے پر نشانات کھینچنے کا لطف لینے دیں۔ تصویر کا خاکہ بنانے کے لیے کوئی درست یا غلط حتمی راستہ نہیں ہے - یہ تحریر اور خاکہ نگاری کا بہترین ابتدائی مرحلہ ہوتا ہے۔
- اپنے بچے کی متعدد سوالات پوچھنے کے لیے حوصلہ افزائی کریں۔ سوالات پوچھنا، سیکھنے والے کے لیے ضروری انتہائی اہم صلاحیتوں میں سے ایک ہے۔



# مزید کی تلاش ہے؟

- اپنی مقامی لائبریری کا دورہ کریں جہاں آپ کتابیں مفت مستعار لے سکتے ہیں۔ ملاحظہ کریں اگر وہ نظم کے اوقات یا کہانی کے اوقات کا سیشن چلاتے ہیں جہاں دیگر خاندانوں سے ملاقات اور باہم مل کر نظموں سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں!
- کتابوں کی شراکت کے ذریعے اپنے بچے کی نشوونما میں معاونت کے طریقوں کے ضمن میں خیالات کے لیے اپنے صحت کے ملاقاتی سے پوچھیں۔
- بک ٹرسٹ کے ساتھ عظیم کتابیں آن لائن ڈھونڈیں! ہمارے پاس ویب سائٹ گیمز اور آن لائن سٹوری بکس کے علاوہ کتابوں سے لطف اندوز ہونے کے لیے بہت سے خیالات موجود ہیں۔



# کتابوں کا انتخاب

بک ٹرسٹ ایسی کتابیں منتخب کرتا ہے جو تخیل کو ابھارتی اور پر لطف ہوتی ہیں۔

متعدد زبردست کتب کی تجاویز تلاش کرنے کے لیے ہمارے ساتھ آن لائن شامل ہوں!


**www.bookstart.org.uk/books**



ہماری ویب سائٹ پر اشتراک کے لیے مزید کتابیں ڈھونڈنے سے لطف اٹھائیں اور اپنے بک سٹارٹ پیک میں کتاب کے مطالعے سے لطف اندوز ہوں۔ ایک ہی کتاب کا بار بار مطالعہ کرنا ٹھیک ہے کیونکہ شناسا کتابیں تسکین بخش اور اعتماد پیدا کرتی ہیں۔

ذیل میں بہترین کتابوں کی مثال ہے جو آپ بک سٹارٹ بک
تلاش کار میں دریافت کر سکتے ہیں!




## Duck in the Truck

" ٹرک میں بطخ ، کبھی بھی میری 3 سالہ بیٹی کو ہنسانے میں ناکام نہیں رہی۔ اس کتاب کے متعلق جو چیز سب پیاری ہے وہ اس کی شگفتہ نظموں اور تصاویر کا توازن ہے۔ ہمیں یہ اچھی لگتی ہے! "

# ہر روز اکٹھے پڑھیں اور اپنے بچے کو زندگی پر محیط کتابوں اور مطالعے کی چاہت عطا کریں۔



اپنے بچے کے ساتھ کہانیوں، کتابوں اور نظموں کے اشتراک کے جادو کے متعلق مزید جاننے کے لیے **booktrust.org.uk** ملاحظہ کریں

**مطالعہ مبارک!**

**Book Trust** ایک خیراتی ادارہ ہے جو مطالعے کے پیار کی اثر انگیزی کے ذریعے زندگی کی کایا پلٹنے کے لیے کام کرتا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ راحت کے لیے مطالعہ کرنا سکول میں بہتر کارکردگی اور ان کی فلاح و بہبود کو بڑھانے میں مدد کرتا ہے، اس لیے ہم وہ سب کچھ کرتے ہیں جو ہر بچے کو کہانیوں اور کتابوں سے لطف اندوزی کو یقینی بنانے میں مدد کرنے کے لیے ہم کر سکتے ہیں۔

ہم امید کرتے ہیں کہ مطالعہ آپ کے روزمرہ کے معمولات کا حصہ بن جائے گا، جس کے لیے آپ کا خاندان منتظر ہے۔

خیراتی ادارہ نمبر 313343

booktrust.org.uk

BookTrust
Inspire a love of reading